**Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar**

Date : 09 July 2024

Time : 09.00 to 09.10 AM

# آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر

## علاقائی خبریں

تاریخ : ۹/جولائی ۲۰۲۴ء

وقت : صبح ۹.۰۰ سے ۹.۱۰ بجے

پہلے خاص خبروں کی سرخیاں ...

☆ نیٹ سوالیہ پرچہ افشا معاملے میں مرکزی حکومت اور قومی جانچ ایجنسی رپورٹ پیش کریں‘ عدالتِ عالیہ کا حکم

☆ برسات کے پیش نظر ریاست بھر میں ضلعی مشنری چوکنا رہے ‘ وزیر اعلیٰ کی ہدایت

☆ چھترپتی سنبھاجی نگر میں واقع طیران گاہ کی توسیع کا کام عنقریب شروع کیا جائے گا‘ رکن پارلیمان ڈاکٹر بھاگوت کراڈ

اور

☆ ریاست کے بیشتر علاقوں میں زوردار بارش ‘ ممبئی اور کوکن میں آج موسلا دھار بارش کا امکان

اب خبریں تفصیل سے...

عدالتِ عالیہ نے نیٹ سوالیہ پرچہ افشا معاملے میں مرکزی حکومت اور قومی جانچ ایجنسی این ٹی اے کو رپورٹ پیش کرنے کا حکم دیا ہے ۔ اِس معاملے کی گزشتہ روز ہوئی سنوائی میں عدالت نے یہ حکم دیا ہے۔ عدالت نے یہ رپورٹ پیش کرنے کے لیے کل شام 5/ بجے تک کا وقت دیا ہے۔ اِسی طرح مرکزی تحقیقاتی اِدارے سی بی آئی کو بھی اپنی کارکردگی پر مبنی رپورٹ پیش کرنے کو کہا گیا ہے۔ عدالت نے کہا کہ امتحان کی عظمت کے ساتھ سمجھوتہ ہوتا نظر آنے پر امتحان منسوخ کرنا آخری حل ہے۔ دوبارہ امتحان کی ہدایت دینے سے قبل اِس بات کا سُراغ لگانا ضروری ہے کہ سوالیہ پرچہ کہاں سے افشا ہوا تھا۔ اِس معاملے کی اگلی سماعت پرسوں جمعرات کے روز کی جائے گی۔

***** ***** *****

نیٹ سوالیہ پرچہ افشا معاملے میں ملزم سنجئے جادھو کو 14 / دنوں تک عدالتی تحویل میں رکھنے کا حکم دیا گیا ہے۔ جادھو کی سی بی آئی تحویل کی مدت کل ختم ہوگئی تھی جس کے بعد اُسے لاتور کی عدالت میں پیش کیا گیا تھا۔

اِسی دوران نیٹ سوالیہ پرچہ افشا معاملے میں دِلی کے گنگا دھر نامی ملزم کو آندھرا پردیش سے گرفتار کیا گیا ہے۔سی بی آئی کا دستہ اُسے لاتور لے کر جائے گا۔ ای رنا کونگل وار نامی ملزم ہنوز فرار ہے سی بی آئی اُسے تلاش کر رہی ہے۔

***** ***** *****

ریاست بھر میں ہِٹ اینڈ رن کے حادثات میں کسی کا بھی لحاظ کیے بغیر سخت کارروائی کی جائے۔ وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے نے یہ ہدایت دی ہے۔انھوں نے کہا عام شہریان ہمارے لیے نہایت خاص ہیں۔ انھوں نے پولس انتظامیہ کو ہدایت دی کہ ہِٹ اینڈ رن کے معاملات نہایت سنجیدگی سے حل کیے جائیں اور متاثرین کو انصاف دیا جائے۔

***** ***** *****

ریاست کے بیشتر علاقوں میں ہورہی بارش کو مدنظر رکھتے ہوئے ضلع سطحی مشنری چوکنا رہے۔ وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے نے یہ ہدایت دی ہے۔ بارش کے سبب ریاست میں موجود صورتحال کا جائزہ لینے کے مقصد سے کل منترالیہ کے کنٹرول روم کا دورہ کرنے کے بعد وہ اظہار خیال کر رہے تھے۔ وزیر اعلیٰ نے بتایا کہ بارش کے پانی کی نکاسی کے لیے ممبئی میونسپل کارپوریشن کی جانب سے کیے گئے ہولڈنگ پونڈس اور مائکرو ٹنلنگ جیسے اقدام کے سبب اِس سال کہیں بھی پانی جمع نہیں ہو رہا ہے۔

اِسی دوران مہاراشٹر کانگریس کمیٹی کے صدر نانا پٹولے نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ اپنی ناکامی کا ذمہ دار بارش کو ٹھہرا رہے ہیں۔ وہ کل ممبئی میں ذرائع ابلاغ سے اظہار خیال کر رہے تھے۔انھوں نے کہا کہ ریاست کے بیشتر علاقوں میں بارش نہ ہونے کی وجہ سے دوبارہ تخم ریزی کی نوبت آ گئی ہے۔ کئی دیہاتوں میں پانی اور چارے کی قلت کا مسئلہ سنگین نوعیت اختیار کر رہا ہے۔ ایسے حالات میں ریاستی حکومت احکامات دیتی ہے لیکن انتظامیہ کوئی کام کرتا ہوا نظر نہیں آ رہا ہے۔ جناب نانا پٹولے نے سوال اٹھایا کہ آخر حکومت اِس جانب کب توجہ دے گی۔

***** ***** *****

گورنر رمیش بئیس نے کہا ہے کہ بھارت رتن ڈاکٹر بابا صاحیب امبیڈکر کی قائم کردہ People Education Society نے گزشتہ 8 ردہائیوں کے دوران پسماندہ طبقات سے تعلق رکھنے والے متعدد طلباء کو تعلیم کے زیور سے آراستہ کر کے خود کفیل بنایا ہے۔

Peoples Educations Society کا 79 رواں یوم تاسیس کل ممبئی میں گورنر رمیش بئیس کی موجودگی میں منایا گیا۔ اِس موقعے پر وہ اظہار خیال کر رہے تھے۔ اِس تقریب میں مرکزی وزیر برائے سماجی انصاف نیز مذکورہ تعلیمی اِدارے کے صدر نشین رام داس آٹھولے سمیت کئی سرکردہ شخصیات بھی موجود تھیں۔

***** ***** ***** ***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں

***** ***** ***** ***** ***** *****

چھترپتی سنبھاجی نگر شہر میں واقع طیران گاہ کی توسیع کا کام عنقریب شروع کیا جائے گا۔ رکن پارلیمان ڈاکٹر بھاگوت کراڈ نے یہ بات کہی ہے۔ وہ کل ہوائی اڈے کی توسیع کے خصوص میں منعقدہ میٹنگ کے بعد صحافیوں سے اظہار خیال کر رہے تھے۔ انھوں نے بتایا کہ ہوائے اڈے کی توسیع کے لیے 139 ر ایکر زمین تحویل میں لی جائے گی جس کے بعد یہاں سے ایئر رشیا کی فضائی خدمات بھی شروع ہو جائے گی۔

اِس موقعے پر جناب کراڈ نے مزید بتایا کہ چھترپتی سنبھاجی نگر کو پینے کا بہترین پانی فراہم کرنے کے لیے متوازی پائپ لائن کے ذمہ دار افسران کو ضروری ہدایات دی گئی ہیں۔ انھوں نے مزید بتایا کہ اب تک 32 ر کلومیٹر طویل پائپ لائن ڈال دی گئی ہے۔

***** ***** *****

ریاست کے بیشتر علاقوں میں کل زوردار بارش ہوئی۔ ممبئی میں ہوئی موسلا دھار بارش کی وجہ سے معمولات زندگی درہم برہم ہو گئے ہیں۔ مضافاتی ٹرینوں کے ساتھ ساتھ وسطی ریلوے کی طویل سفر کرنے والی ٹرینیں بھی تاخیر سے چل رہی ہے۔

کولہاپور ضلعے میں بارش کا زور ہنوز قائم ہے ۔جس کے نتیجے میں پنچ گنگا ندی میں طغیانی آئی ہوئی ہے ۔کولہاپورا- بازار بھوگاؤں- راجاپور ریاستی شاہراہ بند ہوگئی ہے۔تھانے ' وسئی ' مہاڈ ' چپلون ' کولہاپور ' سانگلی ' ساتارا اور سندھودرگ میں نیشنل ڈزاسٹر منجمنٹ فورس کے دستے تعینات کیے گئے ہیں۔

رائے گڑھ ضلعے میں بھی زوردار بارش ہورہی ہے۔رائے گڑھ قلعے کے اطراف طوفانی بارش جاری ہونے کی وجہ سے قلعہ بند کردیا گیا ہے۔

اِسی طرح رتنا گیری اور سندھودرگ ضلعے میں بھی موسلادھار بارش کا سلسلہ جاری ہے۔

اِسی دوران پونا کے دفتر موسمیات کی اطلاع کے مطابق اگلے 2/دنوں میں کوکن کے بیشتر علاقوں میں زوردار بارش ہونے کا امکان ہے۔

اِسی طرح وسطی مہاراشٹر اور مراٹھواڑے کے کئی حصوں میں بھی اچھی بارش ہونے کی امید ہے۔

***** ***** *****

سقوط حیدرآباد کے محقق نیز بقائے مویشیان کے ریاستی کمشنر Kaustubh Divegaonkar نے کہا ہے کہ مراٹھواڑے میں نئے دور کا آغاز کرنے کے لیے مزید اقدام کرنے کی ضرورت ہے۔ادب اور ثقافت کے ریاستی بورڈ کے رکن دھننجئے گڈسورکر کی ''کھڑاڑ لیا شُرونکھلا'' نامی کتاب کا اجراء جناب Kaustubh Divegaonkar کے ہاتھوں پونا میں کیا گیا۔اِس موقعے پر وہ اظہار خیال کررہے تھے۔انھوں نے مزید کہا کہ جاگردارانہ نظام کا خاتمہ اور آزادی میں تاخیر کے باعث مراٹھواڑہ پیچھے رہ گیا ہے۔

***** ***** *****

مراٹھا ریزرویشن سے متعلق عوامی بیداری میں اضافہ کرنے کے مقصد سے ناندیڑ میں کل امن ریلی نکالی گئی تھی۔اِس ریلی میں مراٹھا برادران کثیر تعداد میں شامل تھے۔اِس موقعے پر مراٹھا ریزرویشن کے لیے آندولن کررہے منوج جرانگے پاٹل کی موجودگی میں جلسہ عام کا بھی اہتمام کیا گیا تھا۔اِس موقعے پر انھوں نے کہا کہ مراٹھا ریزرویشن کی جدوجہد او بی سی سے ریزرویشن لیے بغیر ختم نہیں ہوگی۔

اِسی دوران جرانگے پاٹل کی موجودگی میں آج لاتور میں بھی امن ریلی نکالی جائے گی۔ ساتھ ہی جلسہ عام کا بھی انعقاد کیا جائے گا۔ اسی پس منظر میں لاتور شہر میں کل موٹر سائیکل ریلی نکالی گئی تھی۔

***** ***** *****

پربھنی ضلعے میں دھنگر سماج کے خانہ بدوش طبقے سے تعلق رکھنے والے طلباء کے سرپرستوں کی جانب سے تعلیمی سال 2024 - 25ء کے لیے انگریزی میڈیم کے رہائشی اسکولوں میں داخلہ دینے کے لیے 14 / جولائی تک درخواستیں طلب کی گئی ہیں۔ اسسٹنٹ ڈائریکٹر گیتا گُٹھے نے مستحق سرپرستوں سے درخواستیں دینے کی اپیل کی ہے۔

***** ***** *****

وزیر اعلیٰ میری لاڈلی بہن یوجنا سے متعلق معلومات دینے کے مقصد سے ہنگولی ضلعے کے سین گاؤں میں کل خواتین کا میلہ لگایا گیا تھا۔ اِس موقعے پر بھارتیہ جنتا پارٹی کی رہنما چترا واگھ نے خواتین کی رہنمائی کی۔

***** ***** *****

بیڑ اور لاتور ضلع کلکٹر دفاتر نے شہریان سے شعبہ سماجی انصاف اور شعبہ امداد کی جانب سے بزرگ شہریان کے لیے شروع کی جارہی ”مکھیہ منتری ویوشری یوجنا“ سے مستفیض ہونے کی اپیل کی ہے۔

پربھنی شہر اور دیہی علاقوں کے ساکنان سے بھی خصوصی امداد یوجنا کے تحت مختلف سرکاری اسکیمات سے فائدہ اُٹھانے کے لیے اگلے 15 / دن میں درخواست جمع کرنے کی اپیل تحصیل دار ڈاکٹر سندیپ راج پورے نے کی ہے۔

***** ***** *****

چھترپتی سنبھاجی نگر میونسپل کارپوریشن کی جانب سے شہر کے عام خاص میدان سے متصل ڈاکٹر بابا صاحیب امبیڈکر تفریح گاہ ‘ Planetarium اور جدید میوزیم تیار کیا جارہا ہے۔ میونسپل کارپوریشن کی جانب سے کل وہاں پر شجرکاری کی گئی۔

***** ***** *****

آخر میں اہم خبروں کی سرخیاں ایک مرتبہ پھر سن لیجیے ...

☆ نیٹ سوالیہ پرچہ افشا معاملے میں مرکزی حکومت اور قومی جانچ ایجنسی رپورٹ پیش کریں' عدالتِ عالیہ کا حکم

☆ برسات کے پیش نظر ریاست بھر میں ضلعی مشنری چوکنا رہے ' وزیر اعلیٰ کی ہدایت

اور

☆ ریاست کے بیشتر علاقوں میں زوردار بارش ' ممبئی اور کوکن میں آج موسلا دھار بارش کا امکان

علاقائی خبریں ختم ہوئیں

☆☆☆